درس دوازدهم

بارھواں سبق

سخنان خواجہ نظام الدین اولیاءؒ
(خواجہ نظام الدین اولیاءؒ کی باتیں)

مصنف: سلطان حسن سجزی دہلوی

متن فارسی:

صدقه: فرمود که: "چون در صدقه پنج شرط موجود شود بی شک آن صدقه قبول باشد. و از آن پنج شرط، دو پیش از عطا است و دو در حالت عطا است. و یکی بعد از عطا است. اما آن دو شرط که پیش از عطا ست، یکی آن است که آنچه خواهد داد از وجه حلال باشد، و دوم شرط آنکه نیت کند که به مردی صالح دهد، به کسی که در وجه فساد خرج نکند. یعنی به اهل صلاح دهد. و آن دو شرط که در حالت عطا است یکی آن است که به تواضع و بشاشت دهد و به انشراح دل دهد. دوم شرط آن که خفیه دهد. و آن یک شرط که بعد از عطا است که آنچه دهد، پیش کسی آن را برزبان نیارد و ذکر آن نکند."

مشکل الفاظ کے معانی

الفاظ	معانی	الفاظ	معانی
پیش	پہلے	وجہ فساد	غلط کام
آنچہ	جو کچھ	اہل صلاح	نیک لوگ
وجہ حلال	رزق حلال	بہ انشراح دل	کھلے دل سے

ترجمہ:

صدقہ: انہوں (خواجہ نظام الدین اولیاؒ) نے فرمایا کہ: "جب صدقہ میں پانچ شرطیں موجود ہوں تو بے شک وہ صدقہ قبول ہوگا اور ان پانچ شرطوں میں سے دو عطا کرنے سے پہلے ہیں اور دو عطا کرنے کے دوران ہیں اور ایک عطا کے بعد ہے۔ لیکن وہ دو شرطیں جو عطا کرنے سے پہلے کی ہیں: ایک یہ ہے کہ وہ جو کچھ دے رزق حلال سے ہو اور دوسری شرط یہ ہے ارادہ کرے کہ نیک آدمی کو دے۔ اس کو دے جو غلط راستے پر خرچ نہ کرے یعنی نیک لوگوں کو دے۔ اور وہ دو شرطیں جو عطا کرنے کے دوران کی ہیں۔ ایک یہ ہے کہ تواضع اور خوشی سے دے اور کھلے دل سے دے۔ دوسری شرط یہ ہے کہ خفیہ طور پر دے اور وہ ایک شرط جو عطا کے بعد کی ہے وہ یہ ہے کہ جو کچھ دے کسی کی سامنے اس کو زبان پر نہ لائے اور اس کا ذکر نہ کرے۔

متن فارسی:

دعا: فرمود که: "بنده را وقت دعا می باید که هیچ معصیتی که کرده باشد پیش دل نیارد و نه هیچ طاعتی۔ زیرا که اگر پیش دل، طاعتی آرد، آن عجب باشد و دعای معجب مستجاب نشود. و اگر معصیتی پیش دل آرد، در ایقان دعا سستی آرد. پس وقت دعا نظر خاص بررحمت حق می باید داشت۔

PERSIAN NOTES FOR 1st YEAR CLASS (PUNJAB)

مشکل الفاظ کے معانی

الفاظ	معانی	الفاظ	معانی
معصیتی	کوئی گناہ	معجب	مغرور
طاعتی	نیکی	ایقان	یقین، اعتماد

☆☆☆

ترجمہ:

دعا: انہوں (خواجہ نظام الدین اولیاؒ) نے فرمایا کہ بندے کو دعا کے وقت چاہیے کہ کسی گناہ کو جو اس سے سرزد ہوا ہو دل میں نہ لائے اور نہ ہی کسی نیکی کو کیونکہ اگر دل میں نیکی کا خیال لائے تو وہ تکبر ہوگا اور متکبر کی دعا قبول نہیں ہوتی اور اگر کوئی گناہ دل میں لائے تو دعا کے یقین میں سستی لائے گا۔ پس دعا کے وقت اللہ کی رحمت پر خاص نظر رکھنی چاہیے۔

☆☆☆

متن فارسی:

شیخ فریدالدین گنج شکر: فرمود: "شیخ الاسلام فریدالدین ترک خلق گرفت و دشت و بیابان اختیار کرد' یعنی که در اجودهن ساکن گشت. با آن هم از آمد و شد خلائق حد نبود. در خانقاه به قیاس نیم شبی یا کم و بیش ببستندی، یعنی پیوسته باز بودی. هیچ کس به خدمت ایشان نیامدی که او را چیزی نصیب نکردی." بعد از آن فرمود که: "از بدرالدین اسحاق شنیدم که او گفت که من خادم محرم بودم و هرچه بودی بامن بگفتی. درخلاء و ملاء یک سخن بودی. هیچوقت مرادر خلاء سخن نگفتی و کاری نفرمودی که در ملاء عین آن نگفتی. یعنی ظاهر و باطن یک روش داشت. و این از عجائب روزگار است۔"

☆☆☆

مشکل الفاظ کے معانی

الفاظ	معانی	الفاظ	معانی
اجودھن	پاک پتن کا دوسرا نام	شنیدم	میں نے سنا
آمد و شد	آمد و رفت	خلاء	خلوت، تنہائی
بہ قیاس	تقریباً	ملاء	جلوت، محفل
پیوستہ	ہمیشہ	یک روش	ایک طرح

ترجمہ:

شیخ فریدالدین گنج شکرؒ: انہوں (خواجہ نظام الدین اولیاؒ") نے فرمایا کہ: شیخ الاسلام فریدالدین نے دنیا کو ترک کر دیا اور صحرا و بیابان میں رہنے لگے۔ یعنی اجودھن (پاک پتن) میں سکونت اختیار کر لی۔ وہاں بھی مخلوق کی آمد و رفت کی حد نہ تھی۔ خانقاہ کا دروازہ تقریباً آدھی رات کے قریب بند کر دیتے تھے۔ یعنی مسلسل کھلا تھا۔ آپ کی خدمت میں کوئی شخص ایسا نہیں آتا تھا کہ اسے کوئی چیز نہ دی ہو۔ اس کے بعد آپ نے فرمایا کہ: میں نے بدرالدین اسحاق سے سنا کہ اس نے کہا کہ" میں خاص خادم تھا جو کچھ ہوتا وہ مجھے کہہ دیتے۔ تنہائی اور محفل میں ایک ہی بات کہتے۔ کسی بھی وقت مجھے تنہائی میں کوئی بات اور کوئی کام ایسا نہ فرماتے جو محفل میں نہ کہتے ہوں یعنی ظاہر اور باطن میں ایک ہی طریقہ روا رکھتے تھے اور یہ زمانے کے عجائبات میں سے ہے"۔

تمرین کا حل

(۱)

سوال ۱: صدقے کی قبولیت کی پانچ شرائط کیا ہیں؟

جواب: صدقے کی قبولیت کی پانچ شرائط مندرجہ ذیل ہیں:

۱۔ صدقہ جائز ذریعے سے کمائی جانے والی دولت میں سے دیا جائے۔
۲۔ صدقہ کسی نیک آدمی کو دیا جائے [illegible]سے غلط راستے پر خرچ نہ کرے۔
۳۔ صدقہ تواضع اور بشاشت سے دیا جائے۔
۴۔ صدقہ خفیہ طریقے سے دیا جائے۔
۵۔ صدقہ دینے کے بعد کسی کے سامنے اس کا ذکر نہ کیا جائے۔

سوال ۲: ''اہل صلاح'' سے کیا مراد ہے؟

جواب: ''اہل صلاح'' سے مراد ہے نیک لوگ۔

سوال ۳: دعا کرتے ہوئے کیا پیش نظر رہنا چاہیے؟

جواب: دعا کرتے ہوئے نہ تو اپنے گناہوں کو یاد کرنا چاہیے اور نہ ہی اپنی نیکیوں کو بلکہ اللہ کی رحمت پر نظر رکھنی چاہیے۔

سوال ۴: ''اجودھن'' کا موجودہ نام بتائیے؟

جواب: اجودھن کا موجودہ نام ''پاکپتن'' ہے۔

سوال ۵: ''ملفوظات'' کسے کہتے ہیں؟

جواب: ملفوظات سے مراد ہے کسی شخص کے اقوال کو جمع کر کے ان کی ایک کتاب بنا دینا۔

☆☆☆

(۲)

سوال ۱: مندرجہ ذیل الفاظ کو جملوں میں استعمال کیجیے۔

نیت۔ تواضع۔ مستجاب۔ ہیچ وقت۔ روش

جواب:

الفاظ	جملات
نیت	با نیت بدٗ آدم بہ جایی نمی رسد۔ (بری نیت کے ساتھ آدمی کسی جگہ نہیں پہنچتا)
تواضع	تواضع یکی از خصوصیات خوب او است۔ (تواضع اس کی اچھی خصوصیات میں سے ایک ہے۔)
مستجاب	خدا کند دعای ملت ما مستجاب شود۔ (خدا کرے ہماری قوم کی دعا قبول ہو)
ہیچ وقت	ہیچ وقت با کسی بدی نکنید۔ (کبھی کسی کے ساتھ برائی نہ کریں)
روش	استاد با روش سادہ دستور زبان فارسی را یاد داد۔ (استاد نے آسان طریقے سے فارسی گرامر سکھائی)

سوال ۲: مندرجہ ذیل الفاظ مضارع ہیں' ان کے مصادر لکھیے:

شود۔ باشد۔ دہد۔ آرد۔ کند

جواب: مضارع   مصادر

www.downloadclassnotes.com

شود	شدن (ہونا)
باشد	بودن (ہونا)
دهد	دادن (دینا)
آرد	آوردن (لانا)
کند	کردن (کرنا)

سوال ۳: مندرجہ ذیل افعال کو منفی بنائیے۔

باشد۔ آرد۔ می باید۔ داشت۔ گشت۔ شنیدم

جواب:

افعال	افعال منفی
باشد	نباشد
آرد	نیارد
می باید	نمی باید
داشت	نداشت
گذشت	نگذشت
شنیدم	نشنیدم

معروضی سوالات

1: کثیر الانتخابی سوالات (Multiple Choice Questions)

☆ ہر سوال کے نیچے چار ممکنہ جواب دیئے گئے ہیں۔ ان میں سے صرف ایک جواب درست ہے۔ درست جواب پر نشان (✓) لگائیے:

-1 ☆ اجودھن کا موجودہ نام بتائیے۔
(الف) لاہور (ب) حجرہ شاہ مقیم (ج) پاکپتن ✓ (د) ملتان

-2 ☆ "فوائد الفواد" کا مولف کون ہے؟
(الف) امیر خسرو (ب) داتا گنج بخشؒ (ج) حسن سجزی دہلوی ✓ (د) خواجہ معین الدین چشتی

-3 ☆ حسن سجزی پیدا ہوئے:
(الف) دہلی میں (ب) بدایون میں ✓ (ج) اجمیر میں (د) آگرہ میں

-4 ☆ حسن سجزی مرید تھے:
(الف) حضرت نظام الدین اولیاءؒ کے ✓ (ب) خواجہ معین الدین چشتیؒ کے (ج) خواجہ فرید گنج شکرؒ کے (د) حضرت داتا گنج بخشؒ کے

-5 ☆ حسن سجزی نے تعلیم و تربیت حاصل کی:
(الف) اجمیر سے (ب) لکھنو سے (ج) بغداد سے (د) دہلی سے ✓

☆☆☆☆☆☆☆

www.downloadclassnotes.com